سوال نمبر 10532

منجانب: محترمہ حمیرا خاتون صاحبہ، ایم پی اے،

کیا وزیر ٹرانسپورٹ ارشاد فرمائیں گے کہ

نمبر شمار	سوال	نمبر شمار	جواب
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ پشاور میں چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ کی پرانی مزدا، منی بسیں اور فوڈ ویگن گاڑیاں حکومت نے مالکان سے خرید کر سکریپ میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے؟	(الف)	جی ہاں یہ درست ہے کہ پشاور میں چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ کی پرانی چلنے والی مزدا، منی بسیں اور فورڈ ویگن گاڑیاں حکومت نے مالکان سے خرید کر سکریپ میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک کتنی مزدا، منی بسیں اور فوڈ ویگن گاڑیاں مالکان سے خرید کر سکریپ میں تبدیل کی گئی ہیں حکومت گاڑی مالکان سے پرانی گاڑیاں کس قیمت پر خرید رہی ہے اور اس مقصد کیلئے حکومت نے کتنی رقم مختص کی ہے۔ نیز حکومت پشاور کے علاوہ دیگر اضلاع میں بھی موجود کثارہ پبلک ٹرانسپورٹ کو خرید کر اسے سکریپ میں تبدیل کرنے کا کوئی ارادہ رکھتی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	(ب)	حکومت کی جانب سے اب تک تمام قوائد وضوابط اور طے شدہ ریٹ کے مطابق 15 گاڑیاں خریدی جا چکی ہیں۔ حکومت گاڑی مالکان سے پرانی گاڑیاں منظور اور طے شدہ ریٹ کے مطابق خریدتی ہے جس میں ویگن کی قمت 10 لاکھ 50 ہزار روپے جبکہ منی بس اور راکٹ بس کی قیمت 11 لاکھ 50 ہزار روپے ہے۔ مزید گاڑی کی قیمت کے علاوہ کاروباری نقصان کا معاوضہ جو 3 لاکھ 60 ہزار روپے ہے ہر گاڑی مالک کو ادا کیا جا رہا ہے۔ اس حوالے سے مختص شدہ رقم 158 ملین روپے اور 3,025,867 ڈالر ہے۔ یہ سکیم صرف پشاور کیلئے ہے۔